Date: 5th May 2020
Document Code: 24-01
Version: 01

# کووڈ-19 کی وبا کے دوران پبلک ٹرانسپورٹ کے لئے ہدایات

## مقصد

عوام کو سماجی دوری کے بارے میں ہدایات فراہم کرنا تاکہ باہمی میل جول سے ہونے والی بیماری کی منتقلی کو کنٹرول کیا جا سکے۔

## پس منظر

عوامی ٹرانسپورٹ کے ذریعہ سفر کو آسان بناتے ہوئے بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے / محدود کرنے کے لئے احتیاطی اقدامات کی ضرورت ہے۔ یہ احتیاطی اقدامات انفیکشن کی منتقلی اور نگہداشت فراہم کرنے والے ہسپتالوں پر غیر ضروری بوجھ کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتے ہیں۔

## ہدایات

عوام الناس کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ممکنہ حد تک گھر پر رہیں اور دوسروں کے ساتھ قریبی رابطے سے گریز کریں۔ اپنی بہتری اور دیگر مسافرین کو محفوظ رکھنے کے لئے سفر کرنے سے اجتناب برتیں۔ خاص طور پر اگر:

- آپ میں کورونا وائرس کی علامات موجود ہیں
- کورونا وائرس کی علامات موجود ہونے کی صورت میں خود کو دوسروں سے الگ رکھ رہے ہیں یا کسی ایسے شخص کے ساتھ گھر پر رہ رہے ہیں جس میں کورونا وائرس کی علامات ہیں۔
- آپ میں قوتِ مدافعت کی شدید کمی ہے یا آپ انتہائی کمزور ہیں، خاص طور پر اگر آپ کو شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہے۔

تاہم ، اگر سفر ضروری ہو تو اس وقت سفر کرنے کو ترجیح دیں جب رش کم ہو۔ ایسے لازمی سفر کے لئے ہدایات موجود ہیں جن پر سفر کرتے وقت عمل کرنا چاہئے۔

### بس سٹاپ

بس سٹاپ پر مندرجہ ذیل احتیاطی اقدامات کئے جائیں۔

- اپنے ہاتھ کم از کم 20 سیکنڈ کے لئے صابن اور پانی سے بار بار دھوئیں، خاص طور پر ناک صاف کرنے کے بعد، کھانسنے یا چھیکنے کے بعد ۔
- اگر صابن یا پانی دستیاب نہیں ہے تو 70 فی صد الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال کریں۔
- اپنی آنکھوں، ناک اور منہ کو ہاتھوں سے چھونے سے گریز کریں۔
- یہ تجویز کیا گیا ہے کہ جہاں تک ممکن ہو، دوسروں سے 2 میٹر کا فاصلہ رکھیں ۔ جہاں یہ ممکن نہ ہو وہاں کوشش کریں کہ دوسروں کے قریب زیادہ وقت مت گزاریں اور ممکنہ حد تک قریبی رابطے سے اجتناب کریں ۔
- پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرتے وقت یا بس اسٹاپ پر انتظار کرتے وقت چہرے پر ماسک (ڈسپوزیبل یا کپڑے کا بنا ہوا) پہنیں۔ کھانستے وقت اپنے منہ اور ناک کو ٹشو پیپر یا کہنی کے اندرونی حصے سے ڈھانپیں۔
- وہ جگہیں جو آپ کی رسائی میں ہیں اور جن کو آپ چھوتے ہیں، ان کو نظر میں رکھیں۔ خیال رکھیں کہ آپ اپنے منہ کو نہ چھوئیں
- بزرگ حضرات اور بچوں کے غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔

### ٹکٹ سٹیشن:

- دو میٹر کا فاصلہ برقرار رکھیں۔
- جہاں تک ممکن ہو، ٹرانسپورٹ سروس کی آن لائن سہولتوں کو استعمال میں لاتے ہوئے سفر کے لئے آن لائن ٹکٹ خریدیں۔ ٹکٹ کی ادائیگی کے لئے ایسے طریقوں کو استعمال کریں جس میں لوگوں سے قریبی رابطہ نہ ہو۔

- مسافرین اپنے ساتھ کرایہ کی پوری رقم رکھیں تاکہ بقایا رقم کے لین دین اور کرنسی کو چھونے کی ضرورت نہ پڑے۔
- ماسک کا استعمال کریں۔ ( ڈسپوزیبل یا کپڑے کا بنا ہوا)
- مختلف جگہوں یا سطحوں کو چھونے سے گریز کریں۔

## بس میں سفر کرتے وقت:

بس کی صفائی کے لئے ہدایات

- شیڈول کی تمام بسوں کو پبلک کے استعمال میں لانے سے پہلے اچھی طرح جراثیم کش بنائیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ بار بار چھوئے جانے والی سطحیں، جیسے کہ سیٹ کے ہینڈل، ریلنگ وغیرہ اچھی طرح جراثیم سے پاک ہیں۔
- اس وقت تک بس مت چلائیں جب تک تمام مسافر اپنی جگہوں پر ٹھیک سے بیٹھ نہ جائیں ۔ مسافر بس رکنے کا انتظار کریں اور رکنے کے بعد اتریں تاکہ سیٹ یا ہینڈ ریلز کو چھونے کی ضرورت نہ پڑے۔

بس کے عملے کے لئے ہدایات:

- بس کا عملہ منظور شدہ ذاتی حفاظت کا لباس پہنے اور مطلوبہ حفظانِ صحت کو ہر وقت برقرار رکھے۔
- بس سٹاپ مینیجر مسافرین کا جسمانی درجہ حرارت باقاعدگی سے چیک کریں۔
- تمام ٹرانسپورٹ آپریشن سٹاف کو باقاعدہ ہدایات جاری کریں
- عوام میں شعور اجاگر کرنے ے لئے ہر گاڑی میں کووڈ۔19 سے بچاؤ اورصحت اور حفاظت سے متعلق احتیاطی ہدایات پر مبنی نوٹس لگائیں۔
- ماسک پہننے سے متعلق لگائے گئے نوٹسز گرافکس پر مبنی ہوں جو اس بات پر زور دیں کہ ماسک کا غلط استعمال چہرے کو باربار چھونے سے انفیکشن لگنے کے خطرات بڑھا دیتا ہے۔

مسافروں کے لئے ہدایات

- ٹرانسپورٹ کے عملے کے ساتھ عزت سے پیش آئیں اور اپنے ٹرانسپورٹ آپریٹر کی بتائی گئی ہدایات پر عمل کریں۔
- بس میں سوار ہونے سے پہلے بس میں سوار مسافرین کے اترنے کا انتظار کریں۔
- بیٹھتے وقت دوسرے مسافرین سے کم از کم ایک میٹر (3فٹ) کا فاصلہ برقرار رکھیں۔
- ڈرائیور سیٹ کے نزدیک 6 فیٹ کے اندر اندر کھڑے ہونے یا بیٹھنے سے گریز کریں۔
- 70 فی صد الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال کریں۔
- چہرے کے لئے ماسک کا استعمال کریں (ڈسپوزیبل یا کپڑے سے بنا ہوا)
- دیگرمسافرین کی چھوئی ہوئی جگہوں کو ہاتھ لگانے سے گریز کریں۔

بس ائیر کنڈیشنگ کے لئے ہدایات

- جب بھی ممکن ہو گاڑی کی کھڑکیاں کھلی رکھیں
- ائیر کنڈیشن کو ایڈجسٹ کرتے ہوئے ہوا کی آمدو رفت کو بہتر بنائیں
- ائر کنڈیشنر ہوا کو صاف کرنے اور ماحول کو جراثیم کش بنانے کی سہولتوں سے آراستہ ہو۔

*The Ministry acknowledges the contribution of Ms Javeria Yousaf and HSA/ HPSIU/ NIH team to compile these guidelines.*

*Note: The above recommendations are being regularly reviewed by the Ministry of National Health Services, Regulations & Coordination and will be updated based on the international & national recommendations and best practices.*

## References

https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/travelers/travel-in-the-us.html
2. Managing post COVID-19 Passenger Transport for a Safe Return tonEconomic and Social Life in Sri Lanka
https://drive.google.com/file/d/1Fta0zppnInBFdBIzywAO_rin5-KQogGp/view
3. Coronavirus recommendations: how to use the bus A/C correctly
https://www.sustainable-bus.com/news/coronavirus-recommendations-how-to-use-the-bus-a-c-correctly/
4. Dubai Public Awareness in Transport
https://www.timeoutdubai.com/news/437597-public-transport-in-dubai-rta-announces-new-social-distancing-guidelines